# ادبیات

## نامکمل

## "حضرت غالب"

از

(رئیس المتغزلین جگر مرادآبادی)

اے وہ کہ تری ذاتِ گرامی بہ ہمہ رنگ
قدرت کی جو ہمراز تو فطرت کی ہم آہنگ

اے وہ کہ ہر اک نغمہ ترا نغمۂ فطرت
اے وہ کہ ہر اک نقش ترا روکشِ ارژنگ

اے وہ کہ ترے معجزۂ جنبشِ لب سے
اک جنّتِ شاداب ہر اک غنچۂ دل تنگ

ہر پھول ترے باغ کا فردوس بہ دامن
ہر خار ترے دشت کا انگشتِ شفق رنگ

اے وہ کہ تری فکر بہ ہر صنف و بہ ہر طرز
ہم شعلہ و ہم شبنم و ہم نکہت و ہم رنگ

اقلیمِ سخن ہے ترے اعجازِ نفس سے
ہم نغمہ و ہم دشنہ و ہم نکہت و ہم رنگ

اک گوشۂ دامن میں ترے دجلہ و جیحوں
اک موجِ نفس میں ترے رقصاں جمن و گنگ

تھے ملکِ سخن میں ترے ہم عصر ہزاروں
تنہا تھی تری ذات مگر صاحبِ اورنگ

عرفی و نظیری و ظہوری و فغانی
کوئی ترا ہمسر نہ ترا کوئی ہم آہنگ

تو نے اسے گنجائشِ کونین عطا کی
ہر چند بہت تھا ابھی دامانِ غزل تنگ

تو نظم میں بھی نثر میں بھی مجتہد العصر
لیکن وہ ہے معذور کہ جس کی ہے نظر تنگ

الحق کہ تری وسعتِ تخئیل کے آگے
صحرا کفِ خاکستر و گلشن قفسِ رنگ